۷-	من استمسک بالحق فاز	جس نے حق کو تھام لیا کامیاب ہوگیا	استمسک بالحق	میں نے حق کو تھام لیا
۸-	علمت بنجاحی فاستبشرت	اپنی کامیابی کا مجھے علم ہوا تو میں خوش ہوا	استبشرت بنجاحی	اپنی کامیابی سے میں خوش ہوا
۹-	قل الحق واستمسک به	حق کہہ اور اس کے ساتھ جڑ جا	استمسک بالحق	حق کو تھام لے
۱۰-	لا تیئس واستبشر	مایوس نہ ہو خوش ہو	استبشر ولا تیئس	خوش ہو مایوس نہ ہو

۱۱- لا شئی کاستمساک المرء بالحق	آدمی کے حق کو تھام لینے سے بڑھ کر کوئی شے نہیں	استمساک بالحق فضیلة	تیرا حق کو تھام لینا فضیلت ہے
۱۲- اعجبنی استبشارک	مجھے متعجب کیا تیرے خوش ہونے نے۔ تیرا خوش ہونا مجھے اچھا لگا	استبشارک اعجبنی	تیرے خوش ہونے نے مجھے متعجب کیا۔ تیرا خوش ہونا مجھے اچھا لگا
۱۳- اذا علمت فاعمل بعلمک	جب تجھے علم ہوجائے تو اپنے علم کے مطابق عمل کر	اعمل بعلمک	اپنے علم کے مطابق عمل کر
۱۴- تقبل المعروف واشکر	بھلائی کو قبول کر اور شکر کر	اشکر من صنع المعروف	شکر کر اس کا جس نے بھلائی کی
۱۵- تناس الشر واذکر الخیر	شر کو بھول جا اور خیر کا ذکر کر	اذکر الخیر	بھلائی کا ذکر کر

البحث:

اذا تاملت الامثلة فی القسم الاول رایت ان کل مثال یشتمل علی فعل ماض او امر او مصدر و کل واحد من هذه واقع فی وسط الکلام مبدو بهمزة واذا قرات کل مثال رایت انک لا تنطق بهذه الهمزة فی اثناء القراء ة بل تسقطها.

واذا نظرت الی الامثلة الاقسم الثانی رایت هذه الافعال وهذه المصادر نفسها فی اول کل جملة واریت انک اذا قراتها نطقت بالهمزة ولم تسقطها فهذه الهمزة اذا لا تسقط الا اذا کانت متصلة بشئی ولهذا تسمی همزة الوصل.

واذا رجعت الی الامثلة الستة الاولی رایت ان الکلمات المبدو ء ة بهمزة الوصل فیها هی: ماضی الخماسی' اوامره او مصدره' واذا تاملت الامثلة الستة الثانیة رایت ان الکلمات المبدوء ة بهمزة الوصل فیها هی ماضی السداسی' وامره و مصدره' وعند النظر الی الامثلة الثلاثة الباقیة تری ان الکلمات المبدوء ة بهمزة الوصل فیها هی: امر الثلاثی ولو انک تتبعت اشباه هذه الافعال وهذه المصادر فی الکلام العربی رایت ان الهمزة فی کل ماضی خماسی' وسداسی وامرها ومصدرها

تکون همزة وصل دائما.

واذا رجعت الی امثلة القسم الثانی لتتبین نوع حرکة همزة الوصل القیاسیة اذا جاء ت فی اول الکلام، رایت انها مکسورة فی جمیع الافعال، والمصادر الا فی امر الثلاثی الذی قبل آخره ضمة کما فی المثالین الاخرین.

بعد هذا لم یبق الا ان تعرف همزة الماضی الرباعی وامره، ومصدره، کارسل، وارسل، وارسال، وهذه ینطق بها فی درج الکلام وتسمی همزة قطع.

وکل الهمزات التی فی اول الاسماء همزات قطع الا فی الاسماء الاتیة وهی:

ابن وابنم وابنة وامرو وامراة

واسم واست وایمن واثنان واثنتان

وکل الهمزات التی فی اول الحروف همزات قطع الا فی ال.

بحث:

مذکورہ مثالوں میں سے پہلی قسم کی مثالوں پر غور کرنے سے آپ کو معلوم ہوگا کہ ان کے ہرایک جملہ میں فعل ماضی یا فعل امر یا مصدر آیا ہے اور یہ سب جملے کے درمیان میں واقع ہیں اور ان کا پہلا حرف ہمزہ ہے اور جب آپ ان مثالوں کو پڑھتے ہیں تو یہ ہمزہ درمیان سے ساقط ہوجاتا ہے۔

اب آپ دوسری قسم کی مثالوں پر غور کریں ان میں بھی وہی افعال اور وہی مصادر جملوں کے آغاز میں آ گئے ہیں یہاں ہمزہ کا تلفظ کیاجاتا ہے اور کسی ایک کو ساقط کرنے کی ضرورت محسوس نہیں ہوتی اس سے یہ معلوم ہوجاتا ہے کہ جب یہ ہمزہ کسی دوسرے لفظ کے ساتھ متصل ہوکرآجائے تو گر جاتا ہے اسی لئے اسے ہمزہ وصلی کہتے ہیں۔

اب پھر آپ مذکورہ پہلی چھ مثالوں کو دوبارہ ملاحظہ فرمائیے ان میں جہاں جہاں ہمزہ وصلی آیا ہے وہ خماسی (پنج حرفی) ماضی یا اس کا امر یا مصدر ہے دوسری چھ مثالوں میں ہمزہ والے کلمات سداسی (شش حرفی) ماضی یا اس کا امر یا مصدر ہیں اور باقی تین مثالوں میں ہمزہ وصل کے کلمات ماضی ثلاثی کے امر ہیں اگرآپ عربی زبان کے تمام الفاظ کو دیکھیں تو یہ ثابت ہوجائے گا کہ خماسی اور سداسی ماضی اور اس کے امر اور مصدر میں جو ہمزہ آتا ہے وہ ہمیشہ وصلی ہوتا ہے۔

اب دوسری قسم کی مثالوں کو ملاحظہ فرمائیے ان میں ہمزہ وصل جب ابتداء میں واقع ہوا ہے تو ان سب پر (قیاسا) ہمزہ مکسور ہی آیا ہے اور امر میں اس جگہ مضموم آیا ہے جہاں امر کا

ماقبل آخر مضموم تھا۔

اب ایک اور بات کو سمجھ لیں کہ رباعی ماضی یا اس کے امر یا مصدر میں جو ہمزہ آئے (جیسے ارسل و ارسل و ارسال) وہ کلمات کے درمیان میں ہونے پر بھی ساقط نہیں ہوتا اس لئے اسے ہمزہ قطعی کہتے ہیں یاد رہے کہ اسماء کے اول میں آنے والے تمام ہمزے قطعی ہوتے ہیں تاہم ذیل اسماء اس قاعدے سے مستثنیٰ ہیں:

ابن – ابنة – امر – امراة – اسم – است – ایمن – اثنان – اثنتان

اسی طرح حروف کے اول میں جو ہمزہ آتے ہیں وہ بھی قطعی ہوتے ہیں البتہ "ال" اس قواعد سے مستثنیٰ ہے۔

القواعد:

(۱۳۰) همزه الوصل همزة تزاد فی اول الكلمة ليتوصل بها الى النطق بالساكن' وهی تثبت فی بدء الكلام و تسقط فی درجه' و تكون فی الماضی الخماسی' والسداسی' وامرهما' ومصدرهما' وامر الثلاثی.

(۱۳۱) همزة القطع تثبت فی بدء الكلام و درجه' كهمزة الماضی الرباعی وامره و مصدره' و همزات الاسماء والحروف ماعدا بعض الاسماء و "ال".

ترجمہ:

(۱۳۰) ہمزہ وصل وہ ہمزہ ہے جو کلمہ کی ابتداء میں اس لئے بڑھایا جاتا ہے کہ اس کے ذریعے کسی ساکن پر تلفظ کیا جا سکے۔ یہ اگر ابتداء میں آ جائے تو پڑھا جاتا ہے اور درمیان میں آ جائے تو گر جاتا ہے۔ یہ ہمزہ خماسی اور سداسی ماضی میں اور ان کے امر اور مصدر میں اور ثلاثی کے امر میں آتا ہے۔

(۱۳۱) ہمزہ قطعی کلام کی ابتداء اور درمیان دونوں میں قائم رہتا ہے جیسے رباعی ماضی کا ہمزہ یا اس کے امر یا مصدر کا ہمزہ۔ اسماء اور حروف کے ہمزہ قطعی ہوتے ہیں۔ (بجز چند خاص اسماء اور ال کے)

التمرين (۱)

بين فی العبارات الاتية همزات الوصل' والقطع' مع ذكر الاسباب:

حل مشق (۱)

درج ذیل عبارت میں ہمزہ وصل اور ہمزہ قطعی کی شناخت کریں اور اسباب بھی ذکر کریں:

يعد مسجد السلطان حسن بن الناصر من بدائع الفن العربی من حیث اتساع جوانبه واحکام بنائه وارتفاع منارته واشتماله علی کثیر من النقوش والزخرف وقد ابتدا بناء ہ فی نحو منتصف القرن الثامن الهجری واستمر العمل فیه ثلاث سنوات وانفق فی انشائه اموالاطائلة واستخدم فیه الصناع المهرة' فاستقبوا الاجادة' وانصرفوا الی الاتقان' فاذهب الیه وانعم النظر فی نقوشه وسقفه وانظر الی عمده وجدرانه وامتلی بما فیه من جمل وروعة واستمع لما یلقیه فی اذنک کل رکن من ارکانه ان انفتخر بابائک ان شئت ولکن اصنع کما صنعوا

حل:

ہمزہ الوصل	سبب	ہمزہ الوصل	سبب
السلطان	ال	النقوش	ال
ابن	اسم مخصوص	الزخرف	ال
الناصر	ال	ابتداء	ثلاثی مزید
الفن	ال	القرن	ال
العربی	ال	الثامن	ال
اتساع	ثلاثی مزید	الهجری	ال
ارتفاع	ثلاثی مزید	استمر	ثلاثی مزید
اشتمال	ثلاثی مزید	العمل	ال
استخدم	ثلاثی مزید	النظر	ال
الصناع	ال	انظر	ثلاثی امر
المهرة	ال	امتلی	ثلاثی مزید
استبقوا	ثلاثی مزید	استمع	ثلاثی مزید
انصرفوا	ثلاثی مزید	افتخر	ثلاثی مزید
اتفاق	ثلاثی مزید	اصنع	ثلاثی امر
فاذهب	امر		

ہمزۃ القطع	سبب	ہمزۃ القطع	سبب
انفق	باب افعال	الیه	حرف
انشاء	باب افعال	انعم	باب افعال
اموال	جمع	اذن	اسم-جمع
اجاد	باب افعال	الی	حرف
ارکان	اسم	ان	حرف
ابائک	اسم	ان	حرف

التمرین (۲)

هات فعل الامر من المصادر الاتیة وبین نوع همزته:

حل مشق (۲)

درج ذیل مصادر سے فعل امر بنائیں اور ان کے ہمزہ کی شناخت کریں:

النصر	القعود	الاستغاثة	الاقبال
النشر	الشرب	الخروج	المشی
الابتهاج	الذهاب	الاسلام	الاصفرار
البحث	النقل	الانعطاف	الاسعاد
الاجتماع	النظر	الجلوس	الاستکانة
الاکرام	الرفع	الاقدام	القعود
الاحترام			

ہمزہ قطعی: اقبل – اسلم – اسعد – اکرم – اقدم

ہمزہ وصلی: انصر– اقعد– استغث – انشر – اشرب – اخرج – امش –ابتهج – اذهب – اصفرر – بحث – انقل – انعطف – اجتمع – اجلس – استکن – ارفع – احترم –انظر – اجلس – ارفع

التمرین (۳)

هات الفعل الماضی من المصادر الاتیة وبین نوع همزته مع ذکر الاسباب:

حل مشق (۳)

درج ذیل مصادر سے فعل ماضی بنائیں اور ان کے ہمزہ کی شناخت کریں:

الاستقصاء	الارتحال	الانصاف	الامتحان
الاستحالة	الانتفاع	الاخبار	الاستنكار
الاحياء	الابتكار		

فعل ماضی	ہمزہ وصلی / قطعی
استقصى	وصلی
ارتحل	قطعی
انصف	قطعی
امتحن	وصلی
استحال	وصلی
انتفع	وصلی
اخبر	قطعی
استنكر	وصلی
احيى	قطعی
ابتكر	وصلی

التمرين (۴)

هات مصادر الافعال الاتية وبين نوع همزتها مع ذكر الاسباب:

حل مشق (۴)

درج ذیل افعال کے مصادر بیان کریں ہمزہ کی شناخت کریں اور سبب بتائیں:

ارتضى　استغفر　ابدع　انتقل　احصر

مصادر	ہمزہ وصلی / قطعی	سبب
ارتضاء	وصلی	خماسی کا مصدر
استغفار	وصلی	سداسی کا مصدر
ابداع	قطعی	رباعی کا مصدر

انتقال	وصلی	خماسی کا مصدر
احصار	قطعی	رباعی کا مصدر

التمرين (۵)

(۱) كون جملة فعلية، فعلها ماض خماسی مبدو بهمزة دوصل وبين نوع حركتها

(۲) .... سداسی............

(۳) .... امر الثلاثی المدو ....

(۴) كون جملة المبتداء فيها مصدر الخماسی ....

حل مشق (۵)

(۱) ایک جملہ فعلیہ بنائیں جس کا فعل خماسی ماضی ہو اور ہمزہ وصلی سے شروع ہو اور حرکت ہمزہ بھی بتائیں:

اختار زید اشیاء فی السوق و ابتاعها

(۲) ایک جملہ فعلیہ بنائیں جس کا فعل سداسی ماضی ہو اور ہمزہ ابتداء میں آیا ہو ہمزہ کی حرکت واضح کریں:

استعان الولد اخاه

(۳) ایک جملہ اسمیہ بنائیں جس کی ابتداء مصدر خماسی سے ہو ابتداء میں ہمزہ ہو اس کی حرکت بھی بتائیں:

الانتفاع بالعلم خير العمل

الفعل اللازم و الفعل

الامثلة	اردو	الامثلة	اردو
۱- تفتح الزهر	پھول کھلا	طوى الخادم الثوب	نوکر نے کپڑے کو لپیٹا
۲- ثار الغبار	غبار اڑا	اكل الثعلب دجاجة	لومڑی نے مرغی کو کھایا
۳- فاض النهر	دریا چھلکا	بلل المطر الارض	بارش نے زمین کو تر کیا
۴- هبت الريح	ہوا چلی	احرقت النار المنازل	آگ نے مکانات جلا ڈالے

البحث:

جميع الجمل فی القسم الاول مرکبة من فعل و فاعل لاغیر' وجمیعها فی القسم الثانی مرکبة من فعل و فاعل و مفعول به ولو حاول انسان ان یضیف الی کل جملة من جمل القسم الاول مفعولا به حتی تصیر الجمل فی القسمین متشابهة لوجد ان ذلک غیر مستطاع' لان الافعال فی القسم الاول قاصرة لا یتعدی عملها رفع الفاعل الی نصب المفعول به ولذلک تسمی افعالا قاصرة او لازمة اما افعال القسم الثانی فلیست قاصرة لان عملها یتعدی رفع الفاعل الی نصب المفعول به ولذلک تسمی افعالا متعدیة.

بحث:

پہلے مجموعے میں سارے جملے فعل اور فاعل سے مرکب ہیں اور دوسرے مجموعے میں سارے جملے فعل' فاعل اور مفعول بہ سے مرکب ہیں اگر کوئی شخص پہلی قسم کے جملوں پر مفعول بہ کا اضافہ کرنا چاہئے اور دوسری قسم کے جملوں کی سطح پر لانا چاہے تو ایسا نہیں کرسکتا کیونکہ ان کے افعال میں مفعول بہ کو نصب دینے کی صلاحیت نہیں ہے ایسے افعال کو لازم کہتے ہیں۔ البتہ دوسرے مجموعے کے افعال میں یہ صلاحیت موجود ہے کہ وہ فاعل کے ساتھ مفعول بہ کا تقاضا کرتے ہیں اور ان کا مطلب مفعول بہ کے بغیر پورا نہیں ہوسکتا اسی لئے ایسے افعال کو متعدی کہتے ہیں۔

القواعد:

(۱۳۲) الفعل ینقسم قسمین لازم و متعد.

(۱۳۳) الفعل اللازم هو مالا ینصب المفعول به' والفعل المتعدی هو الذی ینصبه.

ترجمہ:

(۱۳۲) فعل کی دو قسمیں ہیں: لازم و متعدی۔

(۱۳۳) فعل لازم وہ ہے جو مفعول بہ کو نصب نہ دے اور متعدی وہ ہے جو مفعول بہ کو نصب دے۔

اقسام المتعدی

	الامثلة	اردو	الامثلة	اردو
۱-	زرع الفلاح القصب	کسان نے گنا بویا	ظننت الجو معتدلا	میں نے موسم کو معتدل سمجھا

۲-	اطفا الهواء المصباح	ہوا نے چراغ بجھایا	رایت الصلح خیرا	میں نے صلح کو بہتر گردانا
۳-	تسوق الريح السحاب	ہوا بادل کو چلاتی (ہنکاتی) ہے	وجدت الفراغ مسفدة	میں نے بیکاری کو برائی کا سبب پایا
۴-	يركب الفارس الجواد	سوار گھوڑے پر سوار ہوتا ہے	اعطيت السائل خبزا	میں نے سوالی کو روٹی دی
۵-	يعود الطبيب المريض	طبیب مریض کی بیماری پرسی کرتا ہے	يكسو العلم اهله وقارا	علم اہل علم کو وقار بخشتا (پہناتا) ہے
۶-	يستجيب الله الدعا	اللہ تعالیٰ دعا کو قبول کرتا ہے	يسقى الطبيب المريض الدواء	طبیب مریض کو دوا پلاتا ہے

۱-	سارى عليا الكتاب مفيدا	میں علی کو دکھاؤں گا کہ کتاب مفید ہے
۲-	اعلمت الطغاة الظلم و خيما	میں نے سرکشوں کو بتایا کہ ظلم خطرناک ہے
۳-	انبانى الرسول الامير قادما	مجھے ایلچی نے بتایا کہ امیر آنے والا ہے
۴-	نباتهم الكبر ممقوتا	میں نے انہیں بتایا کہ تکبر ناپسندیدہ ہے
۵-	اخبرت الغلمان اللعب مفيدا	میں نے لڑکوں کو بتایا کہ کھیل مفید ہے
۶-	خبرت المسافرين القطار متاخرا	میں نے مسافروں کو خبر دی کہ گاڑی لیٹ ہے
۷-	حدثت الاولاد السباحة نافعة	میں نے لڑکوں کو بتایا کہ تیراکی فائدہ مند ہے۔

البحث:

جميع الافعال فى الامثلة السابقة متعدية لان كل واحد منها ينصب المفعول به غير انا اذا وازنا بين الافعال فى الاقسام الثلاثة المتقدمة' وجدناها فى القسم الاول ناصبة مفعولا به واحدا وفى القسم الثانى ناصبة مفعولين اثنين وفى القسم الثالث ناصبة مفاعيل ثلاثة.

نعود مرة ثانية الى بحث المفعولين فى القسم الثانى فنجد انهما تارة يصح الاخبار بثانيها عن اولهما لو جعلا مبتدا وخبرا كما فى الامثلة الثلاثة الاولى وتارة لا يصح فيهما ذلك كما فى الامثلة الثلاثة الاخيرة من هذا القسم' ومن ذلك كانت الافعال التى تنصب مفعولين على نوتين:

(۱) الافعال التى تنصب مفعولين كانا فى الاصل مبتدا و خبرا كظن ورای

(۲) .... لم يكن اصلهما مبتدا وخبرا كاعطى وكما

بحث:

مذکورہ مثالوں میں تمام افعال متعدی ہیں کیونکہ یہ سب کے سب مفعول بہ کو نصب دیتے ہیں البتہ اگر آپ ان تینوں مجموعوں کے افعال کا موازنہ کریں تو معلوم ہوگا کہ پہلے مجموعہ کے افعال صرف ایک مفعول بہ کو نصب دیتے ہیں دوسرے مجموعہ کے افعال دو مفعولوں کو اور تیسرے مجموعہ کے افعال تین مفعولوں کو نصب دیتے ہیں۔

اب ذرا دوسرے مجموعہ کے دونوں مفعولوں کو سامنے رکھئے کبھی تو یہ دونوں ایسے ہوتے ہیں کہ ایک مبتداء اور دوسرے کو اس کی خبر بنایا جاسکتا ہے جیسا کہ پہلی تین مثالوں میں ہوا ہے اور کبھی ایسا نہیں ہوسکتا جیسا کہ بعد کی تین مثالوں میں ہے اس لئے جو افعال دو مفعولوں کو نصب دیتے ہیں ان کی دو قسمیں ہیں:

(۱) وہ افعال جو مبتداء اور خبر کو نصب دے کر اپنے مفعول بنالیتے ہیں جیسے ظن اور رای

(۲) وہ افعال جو مبتداء اور خبر کے علاوہ دیگر اسماء کو مفعول بنالیتے ہیں جیسے اعطی اور کسا

القاعدة:

(۱۳۴) ینقسم الفعل المتعدی اربعة اقسام:

(الف) ما ینصب مفعولا بہٖ واحدا.

(ب) ما ینصب مفعولین اصلهما مبتداء و خبر، وهو ظن، و حسب، وخال، وزعم، وجعل، وعد، وحجا، وهب، وجمیعها تفید الشک مع میل الی الرجحان، ورای، وعلم، ووجد، والفی، ودری، وتعلم، وتفید الیقین، ورد، وترک، وتخذ، واتخذ، وجعل، ووهب، وهذه تفید تحویل الشیء من حال الی حال.

(ج) ما ینصب مفعولین لیس اصلهما مبتداء و خبرا وهو کثیر و منه اعطی، و سال، وکسا.

(د) ما ینصب ثلاثة مفاعیل، وهو اری، واعلم، وانبا، ونبا، واخبر، و خبر، وحدث.

ترجمہ:

(۱۳۴) فعل متعدی کی چار قسمیں ہیں:

(الف) جو ایک مفعول بہ کو نصب دیتے ہیں۔

(ب) جو دو مفعولوں کو نصب دیتے ہیں اور وہ دونوں اصل میں مبتداء اور خبر ہوتے ہیں، ایسے افعال مندرجہ ذیل ہیں:

ظن - حسب - خال - زعم - جعل - عد - حجا - هب

(یہ افعال شک کا معنی دیتے ہیں)

رای- علم- وجد- الفی- دری- تعلم

(یہ افعال یقین کا معنی دیتے ہیں)

رد- ترک- تخذ- اتخذ- جعل- وھب

(یہ افعال تبدیلی حالت پر دلالت کرتے ہیں)

(ج) جو دو مفعول چاہتے ہیں مگر دونوں مبتداء اور خبر نہیں ہوتے' یہ بہت سے ہیں۔ ان میں سے اعطی- سال اور کسا بھی ہیں۔

(د) جو تین مفعولوں کو نصب دیتے ہیں جیسے:

اری- اعلم- انباء- نبا- اخبر- خبر- حدث

تعدية الفعل بالهمز و التضعيف

(فعل کا متعدی ہونا ہمزہ اور تضعیف سے)

الامثلة	اردو	الامثلة	اردو
۱- خرج الرجل	آدمی نکلا	اخرجت الرجل	میں نے آدمی کو نکالا
۲- جلس الزائر	زائر بیٹھا	اجلست الزائر	میں نے زائر کو بٹھایا
۳- ضاع الکتاب	کتاب تلف ہوئی	اضعت الکتاب	میں نے کتاب تلف کی
۴- فرح الولد بالجائزة	لڑکا انعام سے خوش ہوا	فرحت الولد بالجائزة	میں نے لڑکے کو انعام سے خوش کیا
۵- سهلت المسالة	مسئلہ آسان ہوا	سهلت المسالة	میں نے مسئلہ کو آسان بنایا
۶- صعب السير فی الطريق	راستہ میں چلنا دشوار ہوا	صعب المطر السير	بارش نے چلنا دشوار بنایا
۷- قرا علی الکتاب	علی نے کتاب پڑھی	اقرات عليا الکتاب	میں نے علی کو کتاب پڑھائی

نمبر				
۸-	فهم سعيد الدرس	سعید نے سبق سیکھا	افهمت سعيدا الدرس	میں نے سعید کو سبق سمجھایا
۹-	ركب فريد الفرس	فرید گھوڑے پر سوار ہوا	اركبت فريد الفرس	فرید کو گھوڑے پر میں نے سوار کرایا
۱۰-	خاف الرجل الظلم	آدمی ظلم سے ڈرا	خوفت الرجل الظلم	میں نے آدمی کو ظلم سے ڈرایا
۱۱-	حفظ الغلام القرآن	لڑکے نے قرآن حفظ کیا	حفظت الغلام القرآن	میں نے لڑکے کو قرآن حفظ کرایا
۱۲-	حمل الجمل الحطب	اونٹ نے جلانے کی لکڑیاں اٹھائیں	حملت الجمل الحطب	میں نے انوٹ سے جلانے کی لکڑیاں اٹھوائیں

البحث:

جميع الافعال فى القسم الاول ثلاثية وهى اما لازمة كما فى الامثلة الستة الاولى واما متعدية لواحد كما فى الامثلة الستة الثانية.

واذا تدبرنا افعال القسم الثانى وجدناها تختلف عن افعال القسم الاول اما بزيادة همزة فى اول الفعل' والتعدى؟ نعم ولا فعال التى كانت فى القسم الاول لازمة ضرب زيادة الهمزة او التضعيف متعدية لواحد' والافعال التى كانت فى القسم الاول متعدية لواحد ضمارت بزيادة الهمزة او التضعيف متعدية لاثنين

بحث:

پہلے مجموعہ میں جو افعال آئے ہیں وہ سب کے سب ثلاثی ہیں یہ افعال یا تو لازم ہیں جیسے پہلی چھ مثالوں میں نظر آتے ہیں یا صرف ایک مفعول کی طرف متعدی ہیں جیسا کہ بعد کی چھ مثالوں میں دکھائی دیتے ہیں۔

ہم دیکھتے ہیں کہ دوسری قسم کے افعال' پہلی قسم کے افعال سے یا تو ہمزہ کے ذریعے مختلف ہوگئے ہیں یا ضعیف کی وجہ سے تو کیا اسی اختلاف نے ان میں یہ فرق پیدا کردیا ہے کہ ایک لازم رہ گیا ہے اور دوسرا متعدی ہوگیا ہے؟ جی ہاں جو افعال پہلے لازم تھے اب ہمزہ یا تضعیف کی وجہ سے متعدی ہوگئے ہیں اور جو پہلے سے ایک مفعول کی طرف متعدی تھے اب وہ دو ہفتوں کی طرف متعدی ہوگئے ہیں۔

القاعدة:

(١٣٥) اذا زيد فى اول الفعل الثلاثى همزة او ضعف ثانيه' تعدى لواحد ان كان لازما' وتعدى لاثنين ان كان اصله متعديا لواحد.

ترجمہ:

(١٣٥) اگر فعل ثلاثی کے اوّل میں ہمزہ بڑھ جائے یا اس کا دوسرا حرف مشدد ہو جائے تو ایسا فعل اگر لازم تھا تو متعدی بن جاتا ہے اور اگر متعدی تھا بجائے ایک کے دو مفعولوں کو منصوب کرنے لگتا ہے۔

التمرين (١)

ميز الافعال اللازمة والمتعدية فيما ياتى:

حل مشق (۱)

درج ذیل عبارت میں سے لازم اور متعدی افعال کی شناخت کریں:

لما جاء المعزلدين الله مصر واتخذ القاهرة مقرا لخلافته هب ينشر المعارف فى البلاد ويحكم بالعدل بين العباد ويسوس الناس بالرفق واللين فقامت اسواق العلم و نفقت بضائع الادب و توافرت الاموال واتجهت اليه الرعية تدعوالله ان يحفظه ويعزه وازدحمت الوفود على بابه وهو يستقبلهم بلطفه وبشاشته فلم يخرج من عنده احد الاشاكرا

حل:

افعال لازم	افعال متعدی
جاء - قامت - نفقت - توافرت - اتجهت - ازدحم	**يحكم - اتخذ - ينشر - يسوس - تدعوا - يحفظ - يعز - يستقبل**

التمرين (۲)

اکمل الجمل الاتية بوضع مفعول او مفعولين فى الاماكن الخالية:

مشق (۲)

درج ذیل جملوں کو ایک یا دو مفعول رکھ کر پورا کریں:

۱-	اقتلعت العواصف	۲-	اتخذت .....سميرا
۳-	افترس الثعلب	۴-	يتجنب العقلا .....
۵-	وجدت .....مثمرا	۶-	سرق اللص .....
۷-	انضج الحر	۸-	صير الماء .....اخضر
۹-	ظن السيد	۱۰-	جعلت الدقيق .....
۱۱-	اوقدالخادم	۱۲-	غسلت البنت .....
۱۳-	تجرع المريض	۱۴-	حدثت المهمل
۱۵-	اغلقت	۱۶-	اعدت الطاهنية
۱۷-	راض الفارس	۱۸-	حسب الطيب .....
۱۹-	يرى الله الظالمين	۲۰-	مزقت .....

حل:

۱-	الاشجار	۲-	الصديق
۳-	دجاجة	۴-	مزاحا
۵-	النخل	۶-	كساء
۷-	الاثمار	۸-	البقول اخضر
۹-	العامل ضعيفا	۱۰-	عجينا
۱۱-	النار	۱۲-	الثوب
۱۳-	الدواء	۱۴-	لقول نافعا
۱۵-	الباب	۱۶-	الطعام
۱۷-	حبيبه	۱۸-	المريض قويا
۱۹-	عذابا اليما	۲۰-	الورق قطعا

التمرين (٣)

ادخل فعلا من افعال الرجحان ومعه فاعله على كل جملة من الجمل الاتية واستوف جميع افعال هذا النوع:

حل مشق (٣)

درج ذیل جملوں پر شک والے افعال کو فاعل سمیت داخل کریں:

١- الورق ناعم
٢- الحجرة واسعة
٣- اخوك ذو مروءة
٤- اذنا الحصان صغيرتان
٥- العمال مجدون
٦- المهندسون حاضرون
٧- المجدات فائزات
٨- الصديقان مقبلان

حل:

١- زعمت الورق ناعما
٢- ظننت الحجرة واسعة
٣- حسبت اخاك ذا مروءة
٤- ظن الفارس اذنى الحصان صغيرتين
٥- خلت العمال مجدين
٦- عد الامير المهندسين
٧- حسبت المجدات فائزات
٨- ظننت الصديقين مقبلين

التمرين (٤)

ادخل فعلا من افعال اليقين ومعه فاعله على كل جملة من الجمل الاتية واستوف جميع هذه الافعال:

حل مشق (٤)

درج ذیل جملوں پر یقین والے افعال اپنے فاعل سمیت داخل کریں:

١- السباحة مفيدة
٢- الجوادان قويان
٣- ابوك مسافر
٤- القضاة عادلون
٥- ساقا النعامة طويلتان
٦- الفتيات مهذبات

حل:

١- علمت السباحة مفيدة
٢- وجدت الجوادين قويين

۳- رایت اباک مسافرا ۴- وجدت القضاة عادلین
۵- دریت ساقی النعامة طویلتین ۶- تعلمت الفتیات مهذبات

التمرین (۵)

اجعل کل اسم من الاسماء الاتیة مفعولا ثانیا لفعل من افعال التحویل واستوف جمیع هذه الافعال:

حل مشق (۵)

درج ذیل اسماء میں سے ہر اسم کو افعال تحویل کے لئے دوسرا مفعول بہ بنادیں:

حبیبا سهلا یسیرا صدیقا
وطنا خبزا فداءک

حل:

۱- اتخذ الجمیل زیدا حبیبا ۲- جعل الاستاذ الدرس سهلا
۳- رد الرفیق المال یسیرا ۴- وهب التلمیذ الکساء صدیقه
۵- اتخذ المسافر البلد الاخر وطنا ۶- وجد الطباخ الخبز غیر طازج
۷- جعلت نفسی فداءک

التمرین (۶)

اجعل جزای کل جملة من الجمل الاتیة مفعولین ثانیا وثالثا لفعل من الافعال التی تنصب ثلاثة مفاعیل واستوف جمیع هذه الافعال:

حل مشق (۶)

درج ذیل جملوں کے دونوں اجزاء کو افعال کے لئے دوم اور سوم مفعول بنادیں اور ان تمام افعال کو یہاں کھپا دیں جو تین مفعول مانگتے ہیں:

۱- العمل متقن ۲- الحیاة جهاد
۳- السفر مفید ۴- الطبیب حاضر
۵- المطر غزیر ۶- حب الوطن واجب
۷- الصدق محمود

حل:

۱- اخبر المهندس الادارة العمل متقنا

۲- حدث العلماء الناس الحیاة جهادا

۳- اعلمت صدیقی السفر مفیدا

۴- نبائی الولد الطبیب حاضرا

۵- خبر الخادم المخدوم المطر غزیرا

۶- انباء العالم ساکنی الوطن حب الوطن واجبا

۷- اعلمت التلامیذ الصدیق محمودا

التمرین (۷)

ضع الافعال الاتیة فی جمل مفیدة:

حل مشق (۷)

درج افعال کو مفید جملوں میں رکھ دیں:

فاز	وجد	اتخذ	ترک
نبا	خال	زعم	اخبر
جعل	تعلم	دری	استمع
تعود	حدث	منح	

حل:

۱- فاز التلمیذ فی الامتحان

۲- وجد الخادم الولد نائما

۳- اتخذ الناس الحیاة لهوا

۴- ترک الطبیب المریض قویا

۵- نبا الخادم السید المکان خالیا

۶- خال الاستاذ التلمیذ کاذبا

۷- زعم الصاحب الخادم مجتهدا

۸- اخبر الولد اباه الاستاذ ناصحا

۹- جعلت البنت العجین خبزا

۱۰- تعلم التلمیذ الادب نافعا

۱۱- دری الجاهل العالم نذیرا

۱۲- استمع التلامیذ استاذهم

۱۳- تعود الام القراءة صاحا

۱۴- حدثت الدرس سهلا

۱۵- منح السید خادمه ثوبا

التمرين (۸)

(۱) كون ثلاث جمل فعلية يكون الفعل فيها لازما
(۲) .... متعديا لمفعول واحد
(۳) .... لمفعولين اصلهما مبتدا و خبر
(۴) .... ليس اصلهما مبتدا و خبرا
(۵) .... لثلاثة مفاعيل

حل مشق (۸)

(۱) تین فعلیہ جملے بنائیں جن کے افعال لازم ہو:

۱- جلس الولد ۲- قام الاستاذ
۳- تعب الخادم

(۲) تین فعلیہ جملے بنائیں جن کے افعال متعدی بہ یک مفعول ہوں:

۱- اکل الولد طعاما ۲- زرع الفلاح العنب
۳- خاف الرجل الظلم

(۳) تین فعلیہ جملے بنائیں جن کے افعال متعدی بدومفعول ہوں جو اصل میں مبتداء وخبر ہوں:

۱- رایت الادب نافعا ۲- ظن الکافر الحیاة دائمة
۳- زعم الاستاذ الطالب مجتهدا

(۴) تین فعلیہ جملے بنائیں جن کے افعال متعدی بدومفعول ہوں اور جو مبتداء اورخبر نہ ہوں:

۱- سئل التلمیذ الاستاذ سوالا ۲- کسا العلم العلماء لباس العزة والاحترام
۳- اعطی الامیر مسکینا طعاما

(۵) تین فعلیہ جملے بنائیں جن کے افعال متعدی بہ سہ مفعول ہوں:

۱- اعلمت الصدیق الکتاب رفیقا ۲- اخبر الطبیب المریض الدواء مرا صامتا
۳- انبات المظلوم دعاء ہ مقبولا

التمرين (۹)

(۱) کون ثلاث جمل فعلية يكون الفعل فيها متعديا لواحد بتضعيف ثانيه

(۲) .... لاثنين ....

(۳) کون ثلاث جمل فعلية يكون الفعل فيها متعديا لواحد بزيادة الهمزة فی اوله

(۴) .... لاثنين ....

حل مشق (۹)

(۱) تین فعلیہ جملے بنائیں جن کا فعل تضعیف کی وجہ سے بہ یک مفعول متعدی ہو:

۱- فرحت الولد باجائزة ۲- سهلت الدرس للتلميذ

۳- سهل القطار السفر

(۲) تین فعلیہ جملے بنائیں جن کا فعل تضعیف کی وجہ سے متعدی بدو مفعول ہو:

۱- خوفت الرجل الظلم ۲- حملت الجمل الحطب

۳- حفظت الغلام القرآن

(۳) تین فعلیہ جملے بنائیں جن کا فعل ہمزہ کے اضافہ سے متعدی بہ یک مفعول ہو:

۱- اوقدالخارم فارا ۲- اغلق الولد باب غرفته

۳- اذهبت الولد الى المدرسة

(۴) تین فعلیہ جملے بنائیں جن کا فعل باضافہ ہمزہ متعدی بدو مفعول ہو:

۱- افهمت التلميذ درسا ۲- اركبت البنات قطارا

۳- اقرات عليا الكتاب

التمرين فی الاعراب (۱۱)

(الف) نموذج (نمونہ):

نبات سعيداً اخاه قادماً

نبات...... نبا فعل ماضی مبنی علی السكون والتاء ضمير فاعل مبنی علی الضم

سعيداً...... مفعول به اول منصوب بالفتحة

اخاه...... اخا مفعول به ثان منصوب بالالف لانه من الاسماء الخمسة والهاء ضمير مضاف اليه مبنی علی الضم فی محل جر.

قادما...... مفعول به ثالث منصوب بالفتحة.

(ب) اعرب الجملتين الاتيتين:

حل اعراب کی مشق (۱۱)

(ب) درج ذیل جملوں کے اعراب بیان کریں:

۱- ظننت المصباح منطفئا ۲- اخبرنی فرید اباہ مریضا

حل:

۱- ظننت	ظن فعل ماضی مبنی برسکون ت ضمیر فاعل مبنی برضمہ
المصباح	مفعول بہ اول منصوب برفتحہ
منطفئا	مفعول بہ ثانی منصوب برفتحہ
۲- اخبرنی	اخبر فعل ماضی مبنی برفتحہ، نی ضمیر مفعول بہ اول منصوب محلا مبنی برسکون (نون وقایہ)
فرید	فاعل مرفوع برضمہ
اباہ	مفعول بہ ثانی منصوب بہ الف (یہ اسماء خمسہ میں سے ہے)، مضاف ضمیر مجرور متصل، مجرور محلا مضاف الیہ
مریضا	منصوب بہ ثالث منصوب برفتحہ

اسم الفاعل

(اسم فاعل)

	الامثلة	اردو	الامثلة	اردو
۱-	صدق الغلام	لڑکے نے سچ کہا	فالغلام صادق	پس لڑکا صادق (سچ بولنے والا) ہے
۲-	ندم الظالم	ظالم نادم ہوا	فالظالم نادم	پس ظالم نادم (پشیمان ہونے والا) ہے
۳-	سرق اللص المتاع	چور نے سامان چرایا	فاللص سارق	پس چور سارق (چرانے والا) ہے

۴-	غرس البستانی الشجر	باغبان نے درخت لگایا	فالبستانی غارس	پس باغبان غارس (بونے والا) ہے
۵-	اذنب الرجل	آدمی نے گناہ کیا	فالرجل مذنب	پس آدمی مذنب (گناہ کرنے والا) ہے
۶-	انقطع الغصن	ٹہنی کٹ گئی	فالغصن منقطع	پس ٹہنی منقطع (کٹنے والی) ہے
۷-	اتقن الصانع العمل	کاریگر نے پائیدار کام کیا	فالصانع متقن	پس کاریگر متقن (پائیدار کام کرنے والا) ہے
۸-	استجاب اللہ الدعاء	اللہ تعالیٰ نے دعا کو قبول کیا	فاللہ مستجیب	پس اللہ تعالیٰ مستجیب (دعا کوقبول کرنے والا) ہے

البحث:

تامل فی امثلة القسم الثانی الکلمات: صادق‘ ونادم‘ وسارق‘ وغارس‘ وکذلک الکلمات: مذنب‘ ومنقطع‘ ومتقن‘ ومستجیب تجد کلا منها یدل علی فاعل الفعل او عامل العمل الذی یفهم من الکلمة فصادق یدل علی فاعل الصدق ونادم یدل علی فاعل الندم وسارق یدل علی فاعل السرقة وهلم جرا ومن اجل ذلک تسمی کل کلمة من هذه الکلمات اسم فاعل.

انظر بعد ذلک الی الافعال فی امثلة القسم الاول وهی صدق ندم سرق ......تجدها فی الامثلة الاربعة الاولی ثلاثیة وفی الامثلة الاربعة الثانیة افعالا غیر ثلاثیة واذا تاملت اسم الماخوذ من الثلاثی وجدته علی صورة فاعل فی عدد الحروف والشکل اما اسم الفاعل الماخوذ من غیر الثلاثی فانک تستطیع بنفسک استنباط صورته بموازنة یسیرة بین لفظ و لفظ مضارعه فیما یاتی:

<u>بحث:</u>

مذکورہ مثالوں میں دوسرے مجموعے کے دوسرے اسم‘ اسم فاعل آئے ہیں جن میں سے پہلی چار مثالوں میں افعال ثلاثی ہیں اور ان کا اسم فاعل‘ فاعل کے وزن پر آیا ہے دوسری چار مثالیں جو غیر ثلاثی ہیں ان میں ہرایک کا اپنا الگ وزن مقرر ہے ان کا اندازہ یوں لگایئے کہ انہیں اپنے اپنے مضارع کے سامنے رکھ دیجئے اور ان میں باہم مناسبت کا استنباط کیجئے۔

القاعدة:

(١٣٦) اسم الفاعل اسم مصوغ للدلالة على ما فعل الفعل، وهو من الثلاثي على صورة "فاعل" ومن غير الثلاثي على صورة مضارعه بإبدال حرف المضارعة ميما مضمومة وكسر ما قبل الآخر.

ترجمہ:

(١٣٦) اسم فاعل وہ اسم مشتق ہے جو کام کرنے والے پر دلالت کرے۔ یہ ثلاثی سے فاعلؔ کی شکل میں اور غیر ثلاثی سے مضارع کی شکل میں آتا ہے بشرطیکہ حرف مضارعۃ کو میم مضموم سے بدل دیا جائے اور ماقبل آخر کو کسرہ دیا جائے (اور آخر کو تنوین دی جائے)۔

التمرين (١)

عين كل اسم فاعل فی العبارة الاتية واضبطه بالشكل وبين ما كان فعله ثلاثيا وما كان فعله غير ثلاثي:

حل مشق (١)

درج ذیل عبارت میں سے اسم فاعل کی شناخت کریں اس پر اعراب لگائیں اور یہ بتائیں کہ ثلاثی فعل کا اسم فاعل ہے یا غیر ثلاثی کا:

للضوء والظلمة تاثير ظاهر فی صحة الانسان فالذی يسكن منزلا مظلما لا تملوه اشعة الشمس يرى وجسمه ذابل ولونه شاحب.

وضوء الشمس مفيد من وجوه عدة فهو مجفف للهواء مبيد لجراثيم الامراض، مساعد فی تقليل الرطوبة فاحرص على وجوده فی مسكنک تعش سالم البدن، ممتلئا قوة ونشاطا واياک والضوء الصناعی الضعيف فانه مفسد للهواء مجهد لقوة الابصار.

حل:

اسم فاعل	اعراب	ثلاثی/غیر ثلاثی
ظاهر	مرفوع	ثلاثی
مظلما	منصوب	غیر ثلاثی
ذابل	مرفوع	ثلاثی

شاحب	مرفوع	ثلاثی
مفید	مرفوع	غیر ثلاثی
مجفف	مرفوع	غیر ثلاثی
مبید	مرفوع	غیر ثلاثی
مساعد	مرفوع	غیر ثلاثی
سالم	منصوب	ثلاثی
ممتلئا	منصوب	غیر ثلاثی
مفسد	مرفوع	غیر ثلاثی
مجهد	مرفوع	غیر ثلاثی

التمرین (۲)

اتمم الجمل الاتیة بوضع اسم فاعل فی المکان الخالی وبین موقعه من الاعراب:

حل مشق (۲)

درج ذیل خالی جگہوں میں اسم فاعل رکھیں اور اس کا محل اعراب بتائیں:

۱- کان الاناء	۲- لعل اباک .....
۳- ظننت الهلال	۴- النار .....فی المنازل
۵- یسرنی التلمیذ	۶- الاستحمام عقب الاکل .....
۷- لاتزال الشمس	۸- اکره الرجل .....
۹- رکبت البحر	۱۰- ماانفکت السماء .....

حل:

اسم فاعل	محل اعراب	اسم فاعل	محل اعراب
۱- مملوا	منصوب-خبر کان	۲- مریض	مرفوع-خبر کان
۳- طالعا	منصوب-مفعول ثانی	۴- موقدة	مرفوع-خبر
۵- ناجحا	منصوب-مفعول ثانی	۶- مضر	مرفوع-خبر
۷- طالعة	منصوب-خبر لاتزال	۸- اخاه ظالما	منصوب-حال
۹- جالسا	منصوب-حال	۱۰- غائما	منصوب-خبر ما انفکت

التمرين (٣)

اجعل كل اسم فاعل فيما یاتی مفعولا ثانیا لفعل من افعال الیقین واستوف جمیع هذه الافعال:

حل مشق (٣)

درج ذیل ہراسم فاعل کو کسی فعل یقین کے لئے مفعول ثانی بنادیں اور تمام افعال ذکر کریں:

مثمرا	مسافرا	نافعا
مهلكا	مخلصا	مزدحما

حل:

دری الفلاح النخل مثمرا	علمت اخی مسافرا	رایت الادب نافعا
تعلمت الغسل بعد الاكل مهلكا	وجدت الاستاذ مخلصا	الفیت الشارع مزدحما

التمرين (۴)

اجعل کل اسم من الاسماء الاتیة مبتداء واخبر عنه باسم فاعل ملائم:

حل مشق (۴)

درج ذیل اسماء کو مبتداء قرار دے کر کسی مناسب اسم فاعل کو ان کی خبر بنادیں:

القطار	الحساب	القمر	المطر
الطعام	الماء	الكلب	المصباح
الصانع	الطبیب	التاجر	التلمیذ
	الصوت	السماء	الشجرة

حل:

السحاب ممطر	القمر طالع	المطر نازل
الكلب تابح	المصباح متقد	القطار مقبل
التلمیذ مجتهد	الطعام بارد	الماء جار
الصانع ماهر	الطبیب حاذق	التاجر رابح

الشجرة مثمرة　　السماء صافية　　الصوت شديد

التمرين (۵)

ضع کل اسم من الاسماء الاتیة فی جملة مفیدة و انعته باسم فاعل ملائم:

حل مشق (۵)

درج ذیل اسماء کو مفید جملوں میں اس طرح رکھیں کہ ہرایک کے ساتھ ایک اسم فاعل بطور صفت آ جائے:

کتاب	بناء	رجل	صدیق
ولد	بستان	عمل	مهندس
مدرسة	مدینة	الخطیب	الحصان
الفاکهة	الحجرة	البحر	

حل:

۱- کتاب مفید علی المنضدة
۲- بناء تافح فی ناحیة السوق
۳- رجل عالم فی المسجد
۴- صدیق مخلص قد سلم علیک
۵- ولد مؤدب فی المدرسة
۶- بستان واسع فی وسط البلد
۷- عمل نافع وسیلة النجاة
۸- مهندس عالم صنع هذا الفندق
۹- مدرسة واسعة فی بلد کبیر
۱۰- رایت مدینة مشتعلة فی الحرب
۱۱- الخطیب الصالح وعظ علی المنبر
۱۲- الحصان العائد سابق
۱۳- الفاکهة الناضجة ثمینة
۱۴- الحجرة الداکنة فی السبرداب
۱۵- البحر الجاری فی فنجاب ینتهی الی الکراتشی

التمرين (٦)

صغ من كل فعل من الافعال الاتية اسم فاعل واستعمله فی جملة مفیدة:

حل مشق (٦)

درج ذیل افعال سے اسم فاعل بنا کر جملوں میں استعمال کریں:

قعد	شرب	انکسر	استسهل
عمل	تجاهل	تثاب	اکل
فهم	تمتع		

حل:

۱- الرجل قاعد على الطاولة
۲- الجمل شارب من ماء النهر
۳- الجیش منکسر
۴- العامل مستسهل
۵- المهندس عامل ماهر
٦- المدیون متجاهل
۷- الطالب متثاء ب
۸- المسافر اکل فی الفندق
۹- الطالبة فاهمة للدرس
۱۰- المترف متمتع الدنیا وزینتها

التمرين (۷)

اذکر الافعال الماضية والافعال المضارعة لكل اسم فاعل فیما یاتی:

حل مشق (۷)

درج ذیل اسماء فاعل کے ماضی اور مضارع بتادیں:

منطلق	مستغفر	ذاهب	صانع
سابق	مخلص	معید	متالم
ممتعض	لاحق	تابع	مسرع
مثمر	ملتهب	متقد	

حل:

اسم فاعل	ماضی	مضارع
منطلق	انطلق	ینطلق

مستغفر	استغفر	يستغفر
ذاهب	ذهب	يذهب
صانع	صنع	يصنع
سابق	سبق	يسبق
مخلص	اخلص	يخلص
معيد	اعاد	يعيد
متالم	تالم	يتالم
ممتعض	امتعض	يمتعض
لاحق	لحق	يلحق
تابع	تبع	يتبع
مسرع	اسرع	يسرع
مثمر	اثمر	يثمر
ملتهب	التهب	يلتهب
متقد	اتقد	يتقد

التمرين (۸)

(۱) كون خمس جمل فى كل منها اسم فاعل فعله ثلاثى

(۲) .... غير ثلاثى

(۳) كون جملتين اسميتين المبتداء فى كل منها اسم موصل لجماعة الاناث وخبره اسم فاعل

(۴) كون جملتين اسميتين الخبر فى كل منها مثنى موصوف باسم فاعل

حل مشق (۸)

(۱) پانچ جملے بنائیں ہرایک میں اسم فاعل آئے جس کا فعل ثلاثی ہو:

۱– انى ذاهب الى السوق ۲– انا وكافل اليتيم كهاتين

۳– والله خير الماكرين ۴– انت قاتل البنات

۵– الله ناصر المظلوم

(۲) پانچ جملے بنائیں ہرایک میں اسم فاعل آئے جس کا فعل غیر ثلاثی ہو:

۱– اولئک هم المفلحون ۲– ان الله مع المتقين

۳- ان اللہ لا یحب المسرفین ۴- ان اللہ یحب المتوکلین

۵- اولئک ھم المھتدون

(۳) دو اسمیہ جملے بنائیں ہر ایک میں مبتداء اسم موصول جمع مونث ہو اور خبر اسم فاعل ہو:

۱- اللاتی رکبن السفینة طالبات ۲- اللاتی یذکرن الدرس ناجحات الجامعة

(۴) دو اسمیہ جملے بنائیں ہر ایک میں خبر تثنیہ موصوف باسم فاعل ہو:

۱- ھاتان بنتان ناصرتان ۲- ھاتان طالبتان صالحتان

اسم المفعول

(اسم مفعول)

	الامثلة	اردو	الامثلة	اردو
۱-	شربت اللبن	میں نے دودھ پیا	فاللبن مشروب	پس دودھ مشروب (پیا گیا) ہے
۲-	طردت الخادم	میں نے نوکر کو برطرف کیا	فالخادم مطرود	پس نوکر مطرود (برطرف کیا گیا) ہے
۳-	فتحت الباب	میں نے دروازہ کھولا	فالباب مفتوح	پس دروازہ مفتوح (کھولا گیا) ہے
۴-	شممت الورد	میں نے پھول سونگھا	فالورد مشموم	پس پھول مشموم (سونگھا گیا) ہے
۵-	اکرمت الضیف	میں نے مہمان کی تکریم کی	فالضیف مکرم	پس مہمان مکرم (تکریم کیا گیا) ہے
۶-	عاقبت المذنب	میں نے بدکار کو سزادی	فالمذنب معاقب	پس بدکار معاقب (سزادیا گیا) ہے
۷-	تعمدت السکوت	میں نے خاموشی کا قصد کیا	فالسکوت متعمد	پس خاموشی متعمد (چاہی گئی) ہے
۸-	استحسنت الکلام	میں نے گفتگو کو اچھا گردانا	فالکلام مستحسن	پس گفتگو مستحسن (اچھی گردانی گئی) ہے

البحث:

تامل فی امثلة القسم الثانی الکلمات : مشروب، مطرود، مفتوح ومشموم، وکذلک الکلمات: مکرم، ومعاقب، ومتعمد ومستحسن تجد کلا منها یدل علی المفعول الذی وقع علیه الفعل المفهوم من الکلمة فمشروب یدل علی شئی وقع علیه الشرب ومطرود یدل علی شخص وقع علیه الطرد وهلم جرا ومن اجل ذلک تسمی کل کلمة من هذه الکلمات اسم مفعول.

واذا تاملت الافعال فی امثلة القسم الاول وتاملت معها الصورة التی جاء علیها اسم المفعول فی القسم الثانی کما فعلت فی درس اسم الفاعل، رایت ان اسم المفعول یکون علی مثال مفعول اذا کان الفعل ثلاثیا ویکون علی صورة اسم الفاعل مع فتح ماقبل الاخر ان کان الفعل غیر ثلاثی.

بحث:

دوسری قسم کی مثالوں کے کلمات **مشروب، مطرود، مفتوح** اور **مشموم** کو اور اسی طرح **مکرم، معاقب، متعمد** اور **مستحسن** کو ملاحظہ فرمائیں۔ ان میں سے ہرایک اس مفعول پر دلالت کرتا ہے جس پر فعل واقع ہوا ہے چنانچہ **مشروب** اس چیز کی نشاندہی کرتا ہے جس پر پینے کا فعل واقع ہوا **مطرود** اس شخص کی پہچان کراتا ہے جسے برطرف کیا گیا ہے ان کلمات میں سے ہرایک کو اسم مفعول کہتے ہیں۔

اب اگر آپ قسم اول کی مثالوں میں افعال کو اور ان کے سامنے اسماء مفعول کو دیکھیں (جیسا کہ اسم فاعل کی بحث میں ہوا تھا) تو صاف معلوم ہوجائے گا کہ ثلاثی افعال سے اسم مفعول، مفعول کے وزن پر آتا ہے اور غیر ثلاثی سے ان کے اسم فاعل کے وزن پر آتا ہے مگر اسم مفعول کا ماقبل آخر مفتوح ہوتا ہے۔

القاعدة:

(۱۳۷) اسم المفعول اسم مصوغ للدلالة علی ما وقع علیه فعل الفاعل، وهو من الثلاثی علی صورة "مفعول" ومن غیر الثلاثی علی صورة اسم الفاعل مع فتح ماقبل الآخر.

ترجمہ:

(۱۳۷) اسم مفعول وہ اسم مشتق ہے جو اس چیز کی نشاندہی کرے جس پر فاعل کا فعل واقع ہوا ہو۔ یہ ثلاثی سے **مفعولؐ** کے وزن پر اور غیر ثلاثی سے ان کے اسم فاعل کے وزن پر آتا ہے مگر اس کا ماقبل آخر مفتوح ہوتا ہے۔

التمرين (ا)

عين كل اسم مفعول فی العبارة الاتية وبين ما كان فعله ثلاثيا وما كان فعله غير ثلاثي:

حل مشق (۱)

درج ذیل عبارت میں سے اسم مفعول متعین کریں اور ثلاثی اور غیر ثلاثی الگ الگ واضح کریں:

على كل انسان ان يكون له فی منزله مكان معد لاستقبال الزائرين وليس واجبا ان يكون هذا المكان مفروشا مرتبا حسن التنسيق ويحسن ان يكون مزينا بشيئی من التحف الممتازة ان كان ذلك مستطاعا وان تكون جدرانه مزدانة بالصور الفنية المستملحة التی يدل اختيارها على فكرة صافية وذوق سليم

حل:

اسم مفعول ثلاثی	اسم مفعول غیر ثلاثی
مفروشا – مقبولا	معد – مرتبا – مستطاعا – مزدانة – مستملحة – مزينا – ممتازه

التمرين (۲)

اتمم الجمل الاتية بوضع اسم مفعول فی المكان الخالی وبين موقعه من الاعراب:

حل مشق (۲)

درج ذیل خالی جگہوں میں اسم مفعول رکھیں اور اس کا محل اعراب بتائیں:

۱– ما زال القمر .....

۲– حسبت الجيش .....

۳– يسونی ان اراک .....

۴– كان الستار .....

۵– دعاء المظلوم .....

۶– البصق فی الطريق عادة .....

۷- ما علمت ان المفتاح ..... ۸- لا تزال نتیجة الامتحان .....
۹- ذھبت الی الباب فوجدته ... ۱۰- ابقیت النوافذ .....

حل:

۱-	مستورا	اسم مفعول منصوب خبر مازال	۲-	مغلوبا	اسم مفعول، مفعول ثانی
۳-	مکروبا	اسم مفعول، مفعول ثانی	۴-	ممدود	اسم مرفوع خبر کان
۵-	مستجاب	اسم مفعول خبر کان	۶-	مذمومة	اسم مفعول مرفوع خبر، موصوف کی صفت
۷-	مربوط بالجدار	اسم مفعول مرفوع خبر ان	۸-	غیر معلنة	اسم مفعول منصوب خبر لاتزال
۹-	مفتوحا	اسم مفعول منصوب مفعول ثانی	۱۰-	مفتوحة	اسم مفعول منضوب، مفعول ثانی

التمرین (۳)

اجعل کل اسم مفعول فیما یاتی مفعولا ثانیا لفعل من افعال الرجحان واستوف جمیع هذه الافعال:

حل مشق (۳)

درج ذیل ہر اسم مفعول کو افعال شک کا مفعول ثانی بنائیں:

مذبوحا	مفتوحا	متعبا	مظلوما
ملوما	محرما	موفقا	مستضعفا

حل:

۱- ظن الفقیر الثور المیت مذبوحا
۲- حسب التلمیذ الباب مفتوحا
۳- خال الصاحب خادمه متعبا
۴- عد القاضی التاجر مظلوما
۵- جعل الامیر نائبه ملوما
۶- خلت المترف مستضعفا فی الاخره

۷- زعمت كتابه موفقا لاثارة الصفية

۸- حسبت ابلاجين محرقا اخراجهم من افغانستان

التمرين (۴)

اجعل كل اسم من الاسماء الاتية اسما لان او احدى اخواتها واجعل الخبر اسم مفعول ملائما:

حل مشق (۴)

درج ذیل اسماء کو ان یا اس کے اخوات کا اسم بنائیں اور خبر کے طور پر مناسب اسم مفعول لے آئیں:

الكذب　　الرجل　　التلميذين　　القلم

صديقى　　الدواة

حل:

۱- ان الكذب مستحقر عندالله　　۲- كان الرجل مظلوم فى بلده

۳- لعل التلميذين هاربان من الكلية　　۴- ليت القلم حر

۵- علمت ان صديقى محبوس　　۶- ان الدواة مملوة من الحبر

التمرين (۵)

ضع كل اسم من الاسماء الاتية فى جملة مفيدة وصفة باسم مفعول ملائم:

حل مشق (۵)

درج ذیل ہر اسم کو کسی جملہ میں رکھیں اور بطور صفت مناسب اسم مفعول لے آئیں:

طريق　　رجل　　امراة　　التفاحات

سكوت　　البساط　　الشجرتان　　كلام

البطة　　الاعمال

حل:

۱- اذهب على طريق منظف　　۲- اعتمدت على رجل معروف

۳- هذه امرء ة مامونة
۴- اشتريت التفاحات المنضجة
۵- طالع الكتاب مع سكوت مطلوب
۶- اجلس على البساط المفروش
۷- الشجرتان مقطوعتان فی الطريق
۸- كلم الناس بكلام معقول
۹- البطة المذبوحة مطبوخة
۱۰- لاتفكر فی الاعمال المحرمة

التمرين (٦)

صغ من كل فعل من الافعال الاتية اسم مفعول واستعمله فی جملة مفيدة:

حل مشق (٦)

درج ذیل افعال میں سے ہرایک کو اسم مفعول بنا کر جملہ میں استعمال کریں:

احترم　　خطر　　كتب　　قطع

تسلق　　منع　　استخرج　　عظم

عاند　　ساعد

حل:

۱- كل مسلم كبير محترم
۲- السيف مخطوربه
۳- يجدونه مكتوبا عندهم فی التوراة والانجيل
۴- الشجرة المقطوعة وقعت فی الشارع
۵- هذا الجبل متلق
۶- غرف المضيفات ممنوعة الدخول
۷- نضر حميد فی فضية الاحجار المستخرجة
۸- كلها معظمة شعائر الاسلام
۹- كل كافر معاند من قبل كل مسلم
۱۰- الملهوف مساعد

التمرين (٧)

اذكر الافعال الماضية والمضارعة لكل اسم مفعول فيما ياتی:

حل مشق (٧)

درج ذیل اسماء مفعول کے لئے ماضی اور مضارع تلاش کریں:

محسود　　مكشوف　　مباح　　محرم

مستقبح ممهد مجهول مستحب
مفہوم مستسهل

حل:

مفعول	ماضی	مضارع
محسود	حسد	يحسد
مكشوف	كشف	يكشف
مباح	اباح	يبيح
محرم	حرم	يحرم
مستقبح	استقبح	يستقبح
مجهول	جهل	يجهل
مستحب	استحب	يستحب
مفهوم	فهم	يفهم
مستسهل	استسهل	يستسهل

التمرين (۸)

(۱) كون خمس جمل فى كل منها اسم مفعول فعله ثلاثى
(۲) ....غير ثلاثى
(۳) كون جملتين اسميتين المبتداء فى كل منها اسم موصول لجماعة الذكور وخبره اسم مفعول
(۴) كون جملتين اسميتين الخبر فى كل منها مثنى مونث موصوف باسم مفعول

حل مشق (۸)

(۱) پانچ جملے بنائیں ہرایک میں اسم مفعول لائیں جس کا فعل ثلاثی ہو:

۱- انصر اخاک ظالما کان او مظلوما
۲- الكتاب مطلوب
۳- الله معبود
۴- المسلم للمسلم كالبنيان المرصوص
۵- المحسن مشكور

(۲) پانچ جملے بنائیں ہرایک میں اسم مفعول فعل غیر ثلاثی ہو:

۱- القرآن مستمع ۲- المال مکتسب

۳- المريض مولّم ۴- الدراجة مستخدمة

۵- الاستاذ مکرم

(۳) دو اسمیہ جملے بنائیں جن میں مبتداء اسم موصول جمع مذکر ہو اور اس کی خبر اسم مفعول ہو:

۱- الذين يضيعون اوقاتهم ۲- الذين سلبت حقوقهم مظلومون محرومون

(۴) دو اسمیہ جملے بنائیں جن میں خبر تثنیہ مونث موصوف باسم مفعول ہو:

۱- هاتان شجرتان مقطوعتان ۲- هاتان داراجتان مقبوضتان

المستثنٰی

(۱) مستثنٰی بالا

	الامثلة	ترجمہ
۱-	حضر الاصدقا الا عليا	دوست حاضر ہونے سوائے علی کے
۲-	حللت مسائل الحساب الا مسالة	میں نے حساب کے مسائل حل کئے سوائے ایک کے
۳-	قرات الكتاب الا صفحتين	میں نے کتاب پڑھی سوائے دو صفحات کے
۴-	انقضى الصيف الا يومين	موسم گرما گزر گیا سوائے دو دنوں کے

البحث:

تامل الاسماء التى بعد الا فى الامثلة المتقدمة تجد كل اسم منها يخالف الاسم الذى قبلها فى حكمه ففى المثال حكمنا على الاصدقاء بالحضور اما على وهو الاسم الذى بعد الا فلم يحضر ولم يثبت له الحكم الذى ثبت لبقية الاصدقاء فهو مستثنى منهم و مخالف فى الحكم لهم ومن اجل ذلك يسمى مستثنى كما يسمى الاسم الذى قبل الا وهو لفظ الاصدقاء مستثنى منه وهكذا يقال فى بقية الامثلة.

بحث:

مذکورہ مثالوں میں الا کے بعد آنے والے اسماء پر غور کریں ان کا حکم الا سے پہلے آنے والے اسم سے مختلف ہے پہلی مثال میں دوستوں کو حاضر بتایا گیا ہے اور علی کو جو الا کے

بعد آیا ہے غیر حاضر بتایا گیا ہے یعنی جو حکم دوستوں کے لئے ہے وہ **علی** کے لئے ثابت نہیں ہے ایسے اسم کو مستثنیٰ اور الا سے پہلے آنے والے اسم کو مستثنیٰ منہ کہتے ہیں۔ (**یعنی علی** مستثنیٰ ہے اور **اصدقاء** مستثنیٰ منہ ہے) اسی طرح بقیہ مثالیں بھی ہیں۔

القاعدة:

(۱۳۸) یسمی الاسم الذی یقع بعد إلا مستثنی ویسمی الاسم الذی یجیء قبلها و یشتمل فی المعنی علی ما بعدها مستثنی منه.

(۱۳۹) المستثنی بالا اسم یذکر بعدها مخالفا فی الحکم لما قبلها.

ترجمہ:

(۱۳۸) جو اسم الا کے بعد واقع ہو وہ مستثنیٰ کہلاتا ہے اور جو اسم الا سے پہلے آ جائے اور معنی کے لحاظ سے الا کے بعد والے اسم پر مشتمل ہو اور مستثنیٰ منہ کہلاتا ہے۔

(۱۳۹) مستثنیٰ بہ الا وہ اسم ہے جو الا کے بعد ذکر ہو اور حکم میں ماقبل الا سے مخالف ہو۔

حکم المستثنی بالا

الامثلة		ترجمہ
۱- المرت الاشجار الا شجرة		درخت پھل دار ہوئے سوائے ایک درخت کے
۲- طار الحمام الا واحدة		کبوتر اُڑ گئے سوائے ایک کے
۳- فر الجنود الا القائد		لشکر بھاگے سوائے قائد کے
۴- لم تتفتح الا زهار الا البنفسج	او البنفسج	پھول نہ کھلے سوائے بنفشہ کے
۵- لم ینج المستحمون الا احمد	او احمد	نہانے والوں میں سے احمد کے سوا کوئی نہیں بچا
۶- ما سلمت علی القادمین الا الاول	او الاول	میں نے آنے والوں کو سلام نہیں کیا سوائے پہلے کے
۷- لا یسدی النصیحة الا المخلصون		مخلصوں کے سوا خیر خواہی کوئی نہیں کرتا
۸- ما صاحبت الا الاخیار		میں نے نیکوں کے سوا کسی سے دوستی نہیں رکھی

۹- لاتسود الشعوب الا بالاخلاق — قومیں اخلاق کے سوا بلند نہیں ہوسکتیں

البحث:

تامل الامثلة الثلاثة الاولى تجد المستثنى منه مذكورا فى كل مثال' و تجد الكلام فى كل منها مثبتا اى غير منفى' واذا تاملت المستثنى وجدته منصوبا فى الامثلة الثلاثة جميعها' ولو انک تتبعت المستثنى بالا فى جميع التراكيب التى ذكر فيها المستثنى منه و كان الكلام فيها مثبتاً' لوجدته منصوباً دائماً.

انظر الى الامثلة الثلاثة الثانية تجد المستثنى منه مذكوراً فى كل مثال منها ايضاً كما. كان فى الامثلة الثلاثة الاولى' ولكن الكلام هنا منفى' واذا تاملت المستثنى بإلا فى هذه الامثلة وجدت آخره يقع على حالين' فتارة يكون منصوباً' و تارة يكون تابعاً للمستثنى منه فى إعرابه' ولو انک تتبعت المستثنى بإلا فى كل تركيب يشبه الامثلة المذكورة هنا' لوجدته دائماً اما منصوبا' واما تابعاً' و اما تابعاً للمستثنى منه فى الإعراب.

وبالرجوع إلى الأمثلة الثلاثة الأخيرة تجد المستثنى منه محذوفاً فى جميعها فأصل المثال الأول لا يسدى النصيحة احد إلا المخلصون' فحذف من الكلام لفظ أحد' وبقى المثال بعد هذا الحذف كما رأيت' وكذلک يقال فى المثالين الآخرين' وإذا تأملت المستثنى بإلا فى هذه الأمثلة الثلاثة' وجدته معرباً على حسب موضعه فى الكلام كما لو كانت إلا غير موجودة' فهو فى الميال الأول مرفوع على أنه فاعل' وفى المثال الثانى منصوب على أنه مفعول به'وفى المثال الثالث مجرور بالباء.

بحث:

مذکورہ پہلی تین مثالوں پر غور کرنے سے معلوم ہوگا کہ ان سب میں مستثنیٰ منہ لفظوں میں مذکور ہے اور جملے مثبت ہیں منفی نہیں ان سب میں مستثنیٰ منصوب نظر آتا ہے آپ جہاں بھی یہ دیکھیں کہ مستثنیٰ منہ مذکور اور جملہ مثبت ہے۔

دوسری تین مثالوں میں مستثنیٰ منہ تو مذکور ہے لیکن کلام منفی ہے ایسی صورت میں مستثنیٰ دو طرح سے آتا ہے' کبھی منصوب آتا ہے اور کبھی مستثنیٰ منہ کے اعراب جیسا اعراب قبول کرتا ہے۔

آخر کی تین مثالوں میں مستثنیٰ منہ محذوف ہے پہلی مثال میں احمد محذوف ہے یعنی اصل عبارت یوں ہے لا یسدی النصیحة احد الا المخلصون اسی طرح دوسری مثالوں

میں بھی سمجھ لیجئے ایسی صورتوں میں مستثنیٰ کا اعراب وہی ہوتا ہے جو الا کے بغیر ہوتا تھا۔ پہلی مثال میں مستثنیٰ مرفوع ہے اس لئے کہ فاعل ہے، دوسری میں مفعول بہ ہونے کی وجہ سے منصوب ہے اور آخری میں مجرور بالیاء ہے۔

القواعد:

(۱۴۰) اذا کان المستثنی منه مذکوراً و کان الکلام مثبتاً وجب نصب المستثنی بالا.

(۱۴۱) إذا کان المستثنی منه مذکوراً و کان الکلام منفیا، جاز فی المستثنی بالا أن ینصب علی الاستثناء، وأن یتبع المستثنی منه فی إعرابه.

(۱۴۲) إذا کان المستثنی منه محذوفاً، أعرب المستثنی علی حسب ما یقتضیه موضعه فی الترکیب کما لو کان إلا غیر موجودة.

ترجمہ:

(۱۴۰) جب مستثنیٰ منہ مذکور ہو اور کلام مثبت ہو تو مستثنیٰ بالا کو منصوب پڑھنا واجب ہے۔

(۱۴۱) جب مستثنیٰ منہ مذکور ہو اور کلام منفی ہو تو مستثنیٰ کو منصوب پڑھنا بھی جائز ہے اور مستثنیٰ منہ جیسا اعراب لگانا بھی جائز ہے۔

(۱۴۲) جب مستثنیٰ منہ محذوف ہو تو مستثنیٰ پر وہی اعراب آئے گا جو موقع پر الا کی غیر موجودگی میں آنا چاہئے تھا۔

(۲) المستثنیٰ بغیر وسوی

	الامثلة	ترجمہ
۱-	اتقدت المصابیح غیر واحد	چراغ روشن ہوئے سوائے ایک کے
۲-	سلمت علی القادمین غیر سعید	میں نے آنے والوں کو سلام کیا سوائے سعید کے
۳-	ماعاد المریض عائد غیر الطبیب (او غیر الطبیب)	ڈاکٹر کے پاس کسی تیمار دار نے بیمار کی تیمارداری نہ کی
۴-	ما قبلت ید احد غیر والدی (او غیر والدی)	میں نے اپنے والد کے سوا کسی کے ہاتھ کو نہیں چوما
۵-	لاینال المجد غیر العاملین	کام کرنے والوں کے سوا کوئی بڑائی نہیں پاتا

۶- لم یفترس الذئب غیر شاة — بھیڑیئے نے ایک کے سوا کوئی بکری شکار نہ کی

۷- لا تعتمد علی غیر اللہ — اللہ کے سوا کسی پر بھروسہ مت کر

البحث:

تامل الاسماء التی بعد کلمۃ غیر فی الامثلۃ المتقدمۃ تجد کل اسم منھا لیس داخلا فی حکم ما قبلہ ولذلک یسمی کل منھا مستثنیٰ کالاسم الذی بعد الا واذا تاملت اواخر ھذہ الاسماء وجدتھا جمیعھا مجرورۃ بالاضافۃ انظر بعد ذلک الی کلمۃ غیر نفسھا تجدھا منصوبۃ علی الاستثناء فی المثالین الاولین حیث المستثنیٰ منہ مذکور والکلام مثبت۔

ومنصوبۃ علی الاستثناء او تابعۃ للمستثنیٰ منہ فی المثالین التالین حیث المستثنیٰ منہ مذکور ایضا والکلام منفی۔

ومعربۃ علی حسب ما یقتضیہ موقعھا من التراکیب فی الامثلۃ الثلاثۃ الاخیرۃ حیث المستثنیٰ منہ محذوف فحکمھا علی ھذا کحکم الاسم الذی بعد الا فی اعرابہ۔

وکل ما قیل فی غیر یقال مثلہ فی سوی فیما متماثلان فی المعنی والإعراب۔

بحث:

مذکورہ مثالوں میں جو اسماء کلمہ "غیر" کے بعد واقع ہوئے ہیں ان میں سے کوئی اسم ماقبل "غیر" کے حکم میں داخل نہیں اور اسی لئے یہ بھی مستثنیٰ کہلاتا ہے جس طرح الا کے بعد آنے والے اسم کو مستثنیٰ کہتے ہیں یہاں یہ بھی ملاحظہ فرمائیں کہ تمام مثالوں میں "غیر" کے بعد آنے والے مستثنیٰ مجرور ہیں۔

اب مذکورہ مثالوں میں خود کلمہ "غیر" کو بھی دیکھ لیں پہلی دو مثالوں میں یہ مستثنیٰ ہونے کی وجہ سے منصوب ہے اس لئے کہ مستثنیٰ منہ مذکور ہے اور کلام مثبت ہے۔

تیسری اور چوتھی مثال میں کلمہ "غیر" مستثنیٰ ہونے کی وجہ سے منصوب بھی آیا ہے اور مستثنیٰ منہ کے اعراب کا تابع ہوکر بھی آیا ہے کیونکہ مستثنیٰ منہ مذکور ہے اور کلام منفی ہے۔

آخری مثالوں میں جہاں مستثنیٰ منہ محذوف ہے وہاں موقعہ کے مطابق جو اعراب بھی آیا ہے اسے لفظ "غیر" نے قبول کرلیا ہے آپ کو یاد ہوگا کہ الا کے بعد واقع ہونے والے اسم کا بھی ایسے موقعہ پر یہی دستور رہا ہے۔

لفظ "غیر" کے بارے میں جو قاعدہ اور قانون سمجھا گیا اسی کو "سوی" کے بارے

میں بھی سمجھ لیجئے۔

القاعدة:

(۱۴۳) يستثنى بغير و سوى فيجر الاسم الذى بعدهما بالإضافة و يثبت لهما من أنواع الإعراب ما ثبت للاسم الذى بعد إلا.

ترجمہ:

(۱۴۳) غیر اور سوی کے ذریعے جو اسم مستثنیٰ واقع ہو وہ اضافت کی وجہ سے مجرور ہوتا ہے اور خود غیر اور سوی پر اسی طرح کا اعراب آتا ہے جیسا کہ الا کے بعد واقع ہونے والے اسم پر آیا کرتا ہے۔

(۳) المستثنیٰ بخلا وعداو وحاشا

	الامثلة	ترجمہ
۱-	قطفت الازهار خلاالورد (او الورد)	میں نے گلاب کے سوا سب پھول چن لئے
۲-	دخلت عرف البيت خلا غرفة النوم (اوغرفة النوم)	میں سونے کے کمرہ کے سوا گھر کے سب کمروں میں داخل ہوا
۳-	زرت مساجد المدينة خلا واحدا	میں نے ایک کے سوا شہر کی تمام مساجد دیکھیں
۴-	ذبح الجزار الغنم خلاشاة (اوشاة)	قصاب نے ایک کے سوا سب بکریاں ذبح کرڈالیں
۵-	قطفت الازهار ما خلا الورد	میں نے گلاب کے سوا سب پھول چن لئے
۶-	دخلت غرف البيت ما خلا غرفة النوم	میں سونے کے کمرہ کے سوا گھر کے سب کمروں میں داخل ہوا
۷-	زرت مساجد المدينة ما خلا واحدا	میں نے ایک کے سوا شہر کی تمام مساجد دیکھیں
۸-	ذبح الجزار الغنم ما خلا شاة	قصاب نے ایک کے سوا سب بکریاں ذبح کرڈالیں

البحث:

تامل الاسماء التى بعد خلا فى الامثلة المتقدمة تجد كل اسم منها يخالف الاسم الذى قبلها فى حكمه فهو مستثنىٰ كالاسم الذى بعد الا وغير وسوى.

واذا تاملت اواخر هذه الاسماء فی الامثلة الاربعة الاولی وجدتها اما منصوبة واما مجرورة فالنصب علی ان خلا فعل ماض والاسم الذی بعدها مفعول به والجر علی ان خلا حرف جر والاسم بعدها مجرور بها.

واذا تاملت هذه الاسماء فی الامثلة الاربعة الاخیرة وجدتها منصوبة لاغیر والسبب فی ذلک ان کلمة خلا فی هذه الامثلة مسبوقة بما وهی لاتسبق بما الا اذا کانت فعلاً وبذلک یتعین ان یکون الاسم بعدها مفعولا به.

کل ما قبل فی خلا یقال مثله فی عدا وحاشا فهما مثلها فی المعنی والعمل غیر ان حاشا لا تسبقها ما فتقول قرات الکتاب عدا صفحة او صفحة وقرات الکتاب ما عدا صفحة مالنصب لا غیر وتقول قذبت الاشجار حاشا النخیل او النخیل.

بحث:

مذکورہ مثالوں میں جو اسم خلا کے بعد واقع ہیں ان میں سے ہرایک اسم ماقبل خلا کے حکم سے مخالف حکم رکھتا ہے اس لئے یہ بھی اسی طرح مستثنیٰ کہلاتے ہیں جیسے الا یا غیر اور سوی کے بعد آنے والے مستثنیٰ کہلاتے ہیں۔

پہلی چار مثالوں میں یہ اسماء یا تو منصوب آئے ہیں یا مجرور' منصوب اس لئے آئے ہیں کہ "خلا" فعل ماضی ہے اور اس کے بعد کا اسم اس کا مفعول بہ ہے اور مجرور اس بناء پر ہے کہ "خلا" فعل نہیں بلکہ حرف ہے اور اس نے اپنے بعد آنے والے اسم کو مجرور کردیا ہے۔

اب اگر انہیں اسماء کو بعد والی چار مثالوں میں دیکھا جائے تو وہ سب کے سب منصوب آئے ہیں اس کی وجہ یہ ہے کہ ان مثالوں میں (خلا) سے قبل (ما) آیا ہے اور خلا سے پہلے ما اس وقت آتا ہے جب یہ فعل ہو (حرف نہ ہو) اور ظاہر ہے کہ اس صورت میں اس کے بعد کا اسم مفعول بہ (اور منصوب) ہوگا۔

القاعدة:

